Australian Government
Services Australia

URDU

# Parental leave Pay

# (والدین کی رخصت کی تنخواہ) ۔ اپنے دنوں کو شئیر کرنا اور انہیں لچکدار طریقے سے استعمال کرنا۔

خاندان میں نئے بچے کا آنا ایک خوشگوار وقت ہوتا ہے ۔ یہ ساتھ چیلنجز بھی لا سکتا ہے جیسے کام، خاندان اورمالیات میں توازن رکھنا۔

Parental Leave Pay (PLP) (والدین کی رخصت کی تنخواہ) وہ ادائیگی ہے جو والدین کی مدد کے لئے دی جاتی ہے تاکہ وہ نومولود یا حال ہی میں گود لئے گئے بچے کی دیکھ بھال کے لئے کام سے چھٹی لے سکیں۔ یہ ایسی رقم ہے جسے آپ لچکدار طریقے سے استعمال کرسکتے ہیں اور یہ والدین کے درمیان تقسیم کی جا سکتی ہے۔ جتنے دنوں کی تنخواہ آپ کو ملے گی اس کا انحصار اس بات پرہے کہ آپ کا بچہ کب پیدا ہوا یا کب گود لیا گیا۔

چاہے آپ پیدائیشی والدین ہوں، گود لینے والے والدین ہوں یا کسی سروگیسی انتظام میں ہوں آپ والدین کی رخصت کی تنخواہ PLPکو اس طرح استعمال کر سکتے ہیں جو آپ کی ضروریات کے مطابق ہو۔

## *اپنی ادائیگی وصول کرنے کا طریقہ منتخب کریں۔*

آپ اپنے والدین کی رخصت کی تنخواہ PLP کے دنوں کو اس طرح استعمال کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں جو آپ، آپ کے خاندان اور آپ کے کام کے شیڈول کے مطابق ہو۔

آپ اس کودرج ذیل میں سے کسی طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں:

- اپنے تمام دن ایک ساتھ بغیر کسی وقفے کے استعمال کریں۔
- ایک تسلسل میں انفرادی دنوں کا استعمال کریں۔
- اپنے دنوں کو ہفتوں اور انفرادی دنوں کے چھوٹے گروپس میں بانٹیں۔

آپ اپنے دنوں کو اس وقت لے سکتے ہیں جب آپ کو تنخواہ ملے یا بغیر تنخواہ کی رخصت مل رہی ہو، یعنی پہلے، بعد میں یا ساتھ۔

کم ازکم ایک والدین کو دعویٰ کرنا ہوگا اور آپ کے بچے کے پیدا ہونے یا گود لینے کے بارہ ماہ کے اندر اہل ہونا چاہیے دوسرے والدین کے پاس رخصت کا دعویٰ کرنے کے لئے بچے کی پیدائش یا گود لینے کی تاریخ کے بعد سے دو سال کا وقت ہے۔

## *اپنے شریک حیات یا دوسرے والدین کے ساتھ شئیر کریں۔*

PLP اہل والدین کے درمیان تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

آپ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ ان دنوں کو کس طرح تقسیم کرنا ہے۔ آپ شائد چاہیں کہ دنوں کو برابر تقسیم کیا جائے یا والدین میں سے ایک زیادہ دن لیں۔ اس سے آپ دونوں کو اپنے بچے کے ساتھ گھر پر وقت گزارنے کا موقع ملتا ہے۔

آپ اور آپ کے شریک حیات ایک ہی وقت میں کچھ دن لے سکتے ہیں تاکہ خاندان کے طورپر اکٹھے وقت گزار سکیں۔

آپ دوسرے والدین کے ساتھ اپنے دنوں کو بانٹ سکتے ہیں اگر آپ میں سے کوئ بھی:

- پیدائیشی ماں ہو
- پہلے گود لینے والےوالدین ہوں
- سرو گیسی انتظام میں پہلے حاصل کرنے والے والدین ہوں۔

دوسرے والدین میں سے ایک کو یا تو:

- پیدائیشی ماں کا شریک حیات یا
- پیدائشی باپ یا

- پیدائشی باپ کا شریک حیات یا
- گود لینے والے والدین کا شریک حیات یا
- سروگیسی انتظام میں پہلے حاصل کرنے والے والدین کا شریک حیات ہونا چاہیے۔

PLPآپ کے ساتھ شیئر کیا جا سکتا ہے اگر جنم دینے والی ماں، پہلے گود لینے والے والدین یا سروگیسی کے انتظام میں پہلے حاصل کرنے والے والدین نے آپ کے ساتھ PLP دن شیئر کرنے کا انتخاب کیا ہے۔ مشترکہ دنوں کے استعمال کے اہل ہونے کے لئے، دونوں کو کام کے ٹیسٹ پر پورا اترنا ہوگا۔

اگر آپ کام کے ٹیسٹ پر پورا نہیں اترتے تو جنم دینے والی ماں، پہلے گود لینے والے والدین یا سروگیسی کے انتظام میں پہلے حاصل کرنے والے والدین اب بھی اپنے PLP
کا حصہ لے سکتے ہیں اگر وہ کام کے ٹیسٹ پر پورا اترتے ہیں

سنگل والدین کے لئے، آپ پوری تعداد میں دن لے سکتے ہیں یا دوسرے اہل والدین کے ساتھ شیئر کر سکتے ہیں جو کام کے ٹیسٹ پر پورا اترتے ہیں

## اپنے دن منتخب کریں اور انہیں تبدیل کریں

جب آپ PLP کا دعویٰ کریں تو آپ کو کم از کم ایک دن لازمی منتخب کرنا چاہیئے۔ اگر آپ کو یقین نہیں ہے کہ آپ اپنے دوسرے دن کب اور کیسے استعمال کریں تو آپ بعد میں اپنےPLP دنوں اور آپشنزکے بارے میں ہمیں بتا سکتے ہیں۔ آپ کو انہیں اپنے بچے کی پیدائش یا گود لینے کے دو سال کے اندر استعمال کرنا ہوگا۔ اگر آپ کے پاس اس تاریخ سے پہلے استعمال کرنے کے لئے دن باقی ہیں تو ہم آپ کو یاد دہانی کے لئے ایک خط بھیجیں گے۔

اگر آپ کو طے کردہ وقت سے پہلے کام پر آنا ہے یا اپنی چھٹی کی تاریخیں تبدیل کرنی ہیں او آپ اس دن کام کریں گے جسے آپ نے PLP حاصل کرنے کے لئے منتخب کیا تھا تو آپ کو جتنی جلدی ہوسکے اپنی تاریخیں بدل لینی چاہئیں۔ آپ کسی بھی وقت اپنے پارٹنرسے اشتراک کرنے والے PLPدنوں کی تعداد بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔

آپ یہ اپنے Centrelinkکے اکاؤنٹ سےبذریعہ myGov کر سکتے ہیں۔

## PLPلیتے ہوئے کام کرنا

آپ PLP
کے دنوں کا استعمال کر سکتے ہیں چاہے آپ واپس کام پر ہی کیوں نہ جائیں آپ یہ ان دنوں میں حاصل کر سکتے ہیں جب آپ عام طور پر کام نہیں کرتے، بشمول تنخواہ کے ساتھ یا تنخواہ کے بغیر چھٹیاں، ویک اینڈ یا کام نہ کرنے والے دنوں کو جزوقتی کام کے انتظام کے حصے کے طور پر۔ یہ ان والدین کے لئے مدد گار ثابت ہو سکتا ہے جو کام پر واپسی میں آسانی پیدا کرنا چاہتے ہیں۔

## مزید معلومات کے لیے

- انگلش میں مذید معلومات کے لئے**sevicesaustralia.gov.au/plpdays** پر جائیں۔
- انگلش اور دوسری زبانوں میں مذید معلومات کے لئے **servicesaustralia.gov.au/parentalleavepay** پر جائیں۔
- اپنی زبان میں معلومات پڑھنے، سننے یا معلوماتی وڈیوز دیکھنے کے لیے **servicesaustralia.gov.au/yourlanguage** پر جائیں۔
- Centrelink کی ادائیگیوں اور خدمات کے متعلق اپنی زبان میں بات کرنے کے لیے 131202 پر کال کریں۔
- میڈیکئیر کےلئے Medicare **132011**اور چائلڈ سپورٹ کے لئے **131272** Child Supportپر کال کریں۔ اگر آپ کو انٹرپریٹر کی ضرورت ہے تو ہمیں بتائیں اور ہم آپ کے لیے مفت انٹرپریٹر کا انتظام کریں گے۔
- کسی سروس سنٹر میں جائیں۔

نوٹ: آسٹریلیا میں کہیں سے بھی آپ کے گھر کےفون سے '13' نمبروں پر کالوں کی قیمت ایک مقررہ شرح پر لی جاتی ہے۔ یہ شرح مقامی کال کی قیمت سے مختلف ہو سکتی ہے اور مختلف ٹیلی فون سروس پرووائیڈرز مختلف شرح لگا سکتے ہیں۔ لینڈ لائن سے 1800 سے شروع ہونے والے نمبروں پر کال کرنا مفت ہے۔ پبلک فون اور موبائل فون سے کی جانے والی کالوں کا وقت نوٹ کیا جا سکتا ہے اور ان کا خرچ زیادہ ہو سکتا ہے۔

## اعلان دستبرداری

اس اشاعت میں شامل معلومات ادائیگیوں اور خدمات کے متعلق صرف بطور رہنمائی دی گئی ہیں۔ یہ فیصلہ کرنا آپ کی ذمہ داری ہے کہ آیا آپ اپنے مخصوص حالات میں، کسی ادائیگی کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں۔

# Parental Leave Pay – sharing your days and using them flexibly

Bringing a new child into the family is an exciting time. It can also come with challenges such as balancing work, family and finances.

Parental Leave Pay (PLP) is a payment to help support parents take time off work to care for a newborn or recently adopted child. It is a payment that you can use flexibly and can be shared between parents. The number of days you will be paid for depends on when your child was born or adopted.

Whether you are the birth parent, an adoptive parent or in a surrogacy arrangement, you can use PLP in a way that meets your needs.

## Choose how to take your payment

You can choose how to use your PLP days so that it suits you, your family and your work schedule.

You can use it in any of the following ways:

- use all your days at once with no breaks
- use a series of single days
- spread out your days in to smaller groups of weeks and individual days.

You can take your days before, after or at the same time you get paid or unpaid leave from your work.

At least one parent needs to claim and be eligible within 12 months from when your child is born or adopted. The other parent has 2 years to claim from the child's birth or date of adoption.

## Share with your partner or another parent

PLP can be shared between eligible parents.

You can decide how to share these days. You may want to share the days evenly or have one parent take more days. This gives you both the option to spend time at home with your baby.

You and your partner can also take some days at the same time, so you can spend time together as a family.

You can share your days with another parent if you are either:

- the birth mother
- the first adoptive parent
- the first gaining parent in a surrogacy arrangement.

The other parent must be either:

- the partner of the birth mother
- the biological father
- the partner of the biological father
- the partner of an adoptive parent

- the partner of the gaining parent in a surrogacy arrangement.

PLP can be shared with you if the birth mother, first adoptive parent or first gaining parent in a surrogacy arrangement has chosen to share PLP days with you. To be eligible to use the shared days, both of you must meet the work test.

If you do not meet the work test, the birth mother, first adoptive parent or first gaining parent in a surrogacy arrangement can still take their share of PLP if they meet the work test.

For single parents, you can either take the full number of days or share it with the other eligible parent who meets the work test.

## Choose and change your days

When you claim PLP you must choose at least one day. If you are not sure when and how to use your other days, you can tell us about your PLP days and options at a later time. You must use them within 2 years from when your child is born or adopted. We'll send you a letter to remind you if you still have days to use before this date.

If you need to return to work earlier than planned or change your leave dates, and you will now be working on a day you had chosen to receive PLP, you need to change your days as soon as possible. You can also change the number of PLP days you share with your partner at any time.

You can do this using your Centrelink account through myGov.

## Working while getting PLP

You can use PLP days even if you go back to work. You can get it on any days you do not usually work, including days of paid or unpaid leave, weekends or non work days as part of a part time work arrangement. This can be helpful for parents who want to ease back into work.

## For more information

- Go to **servicesaustralia.gov.au/plpdays** for more information in English
- Go to **servicesaustralia.gov.au/parentalleavepay** for more information in English and other languages
- Go to **servicesaustralia.gov.au/yourlanguage** where you can read, listen to or watch videos in your language
- Call **131 202** to speak with us in your language about Centrelink payments and services
- Call **132 011** for Medicare and **131 272** for Child Support. Let us know if you need an interpreter, and we will arrange one for free
- Visit a service centre.

Note: calls from your home phone to '13' numbers from anywhere in Australia are charged at a fixed rate. That rate may vary from the price of a local call and may also vary between telephone service providers. Calls to '1800' numbers from your home phone are free. Calls from public and mobile phones may be timed and charged at a higher rate.

## Disclaimer

The information contained in this publication is intended only as a guide to payments and services. It's your responsibility to decide if you wish to apply for a payment and to make an application with regard to your particular circumstances.